# مجلس خُدّامُ المساجِد کے
# 25 مدنی پھول



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ”یااللّٰہ! پُوری تمنّا ہو بقیعِ پاک کی“ کے

# 25 حروف کی نسبت سے مجلس خُدّامُ المساجِد کے 25 مدنی پھول

## مسجد بنانے کے بارے میں 5 فرامینِ مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

(1) جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خوشنودی چاہتے ہوئے مسجد بنائے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے لیے **جنت میں ایک گھر بنائے گا۔** (صحیح بخاری شریف، کتاب الصلوٰۃ، باب من بنی مسجدا رقم ۴۵۰، ج۱، ص۱۷۱) (2) جو حلال مال سے مسجد بنائے گا، اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے لیے **جنت میں موتی اور یاقوت کا گھر بنائے گا۔** (طبرانی اوسط ۵۰۵۹، ج۴ ص۱۷) (3) جو مسجد بنوائے خواہ چھوٹی ہو یا بڑی، اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے لیے **جنت میں ایک گھر بنائے گا**“ (سنن ترمذی، ابواب الصلوٰۃ، باب ماجاء فی فضل بنیان المساجد، رقم ۳۱۹، ج۱، ص۳۴۳) (4) جس نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے تھوڑے رقبے پر بھی مسجد بنائی تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے لیے **جنت میں ایک گھر بنائے گا**“ (صحیح ابن حبان، کتاب الصلوٰۃ، باب المساجد، رقم ۱۶۰۸، ج۳، ص۶۹) (5) حضرت سیّدنا بشر بن حیّان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں ہم ایک مسجد بنا رہے تھے کہ حضرت سیّدنا واثلہ بن اسقع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ہمارے پاس تشریف لائے اور سلام کیا، پھر فرمایا کہ میں نے سرورِ کونین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ ”جو لوگوں کے نماز پڑھنے کے لیے مسجد بنائے گا، اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے لیے **جنت میں اس سے بہتر گھر بنائے گا**“ (مسند احمد، مسند المکیین، حدیث واثلہ بن الاسقع، رقم ۱۶۰۰۵، ج۵، ص۴۱۹)

### فرمانِ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ:

❁ دعوتِ اسلامی کا **99.99%** مدنی کام انفرادی کوشش سے ممکن ہے۔

﴿1﴾ فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵) اس لیے مجلس خدام المساجد کا ہر ذمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ”**72 مدنی انعامات**“ میں سے ”**مدنی انعام نمبر 1**“ پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ: ”میں اللہ عَزَّوَجَلَّ

کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے **مجلس خُدّام المساجد** کا مدَنی کام، مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللہ عزَّوَجلَّ۔"

﴿2﴾ **مجلس خُدّام المساجد** کا کام مختلف مقامات پر جگہ حاصل کر کے مساجد تعمیر کرنا ہے۔

﴿3﴾ **مجلس خُدّام المساجد** کے تمام اسلامی بھائی وقف، مسجد اور اس کی تعمیرات کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً: ☆ چندے کے بارے میں سوال جواب ☆ فیضانِ سنّت سے معتکف اور احترامِ مسجد ☆ بہارِ شریعت حصہ 10 جلد دوم سے وقف، حصہ 19 جلد سوم سے وصیت اور حصہ 20 جلد سوم سے وراثت کا بیان (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ بابُ المدینہ، کراچی) اور فتاوٰی رضویہ جلد 16 سے کتاب الوقف نیز "دارالافتاء اہلسنّت" سے ضرورتاً شرعی رہنمائی بھی لیتے رہیں۔

﴿4﴾ جن علاقوں / شہروں میں مساجد کی ضرورت ہے وہاں مجلسِ خدّام المساجد کے ذمہ داران اپنے نگران سے مشاورت اور دارالافتاء اہلسنّت سے شرعی رہنمائی کے ساتھ جگہ (Plot) کے حصول کی کوشش کریں ❁ سب سے پہلے مخصوص فلاحی، رفاعی اور مذہبی مقاصد کے لئے وقف جگہ (Plots) کی ترکیب بنائیں بصورتِ دیگر صاحبِ ثروت (مالدار) اہلِ محبت کو ترغیب دِلا کر جگہ وقف کروائیں اور دعوتِ اسلامی کو انتظامی اُمور کا متولی بنوائیں۔

﴿5﴾ مجلس خدام المساجد کے تحت کابینہ سطح پر 5 رُکنی مجلس بنائی جائے اور ان کے ذمے درج ذیل کام ہوں۔

(۱) رکنِ کابینہ مجلس خدام المساجد (۲) رکنِ مجلس جائے نماز (۳) رکنِ مجلس نیو سوسائٹیز (کالونی وغیرہ بھی اس میں داخل ہیں) (۴) رکنِ مجلس تعمیرات مساجد (یہ ذمہ دار، مجلس تعمیرات دعوتِ اسلامی کے رابطے میں ہوں گے) (۵) رکنِ مجلس تحفظِ مساجد (یہ ذمہ دار مساجد کی تعمیرات کے بعد اُن کے امام کے تقرر اور مساجد میں کمیٹی کس کی ہے؟ مدرسہ کس کے تحت لگتا ہے اور دارالافتاء کی اِجازت کے بغیر کسی مسجد میں تعمیرات تو نہیں ہو رہیں اور دیگر کام چیک کرنے کے ذمہ دار ہوں گے) نگرانِ مجلس (رکنِ کابینہ) کے علاوہ ہر ذمہ دار اپنے 2 معاون بنائے جو ضرورتاً اس کے کام میں مدد کریں۔

﴿6﴾ صرف چند مخصوص یا پہلے سے ہی مجلسِ مالیات کی ترکیب میں شخصیات سے ہی رابطہ نہ رکھا جائے بلکہ نئے نئے متموِّل صاحبِ ثروت (مالدار) اہلِ محبت سے بزرگانِ دین رحمھم اللہ المبین یا اُن کے زندوں بالخصوص مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لئے تراکیب کریں۔

﴿7﴾ نئے ٹاؤنز / کالونیز وغیرہ میں مساجد کے لئے مختص جگہوں (Plots) کے حصول کے لئے متعلقہ ذمہ دار سے مسلسل رابطہ رکھئے، مکمل معلومات حاصل کیجئے اور پوچھ گچھ (Follow Up) کا سلسلہ بھی جاری رکھئے۔

﴾8﴿ کسی بھی مسجد کے دعوتِ اسلامی کی مجلس خدام المساجد کے ساتھ الحاق یا کسی مسجد کے لئے مختص جگہ (Plot) لیتے وقت دارالافتاء اہلسنّت، متعلقہ مشاورت کے نگران، خدّام المساجد ذمہ دار، مجلس اثاثہ جات کے ذمہ دار اور نگرانِ ڈویژن / نگرانِ کابینہ سے مشاورت لازمی ہے حتمی فیصلہ دارالافتاء اہلسنّت سے شرعی رہنمائی لینے کے بعد نگرانِ کابینہ فرمائیں گے۔

﴾9﴿ دارُالافتاء اہلسنّت سے شرعی رہنمائی، قانونی کاروائی / وقف بحق دعوتِ اسلامی کے بغیر تعمیرات نہ کی جائیں، قانونی معاملات کے لوازمات پورے کرنے کے لئے مجلسِ اثاثہ جات کی خدمات حاصل کریں۔ کاغذات مکمل کروانے کے بعد اصل کاغذات کو اسکین کر کے اس کی سی ڈی محفوظ کر لی جائے اور **عالمی مدنی مرکز** (فیضانِ مدینہ، باب المدینہ کراچی) میں مجلسِ مالیات کے پاس جمع کروائے جائیں اور وصولی کی رسید بھی حاصل کریں۔

﴾10﴿ حاصل شدہ مسجد کے پلاٹس پر موقع کی مناسبت سے مجلس اثاثہ جات / مجلس تعمیرات سے فوری طور پر چار دیواری، باڑ، سائن بورڈ وغیرہ کی ترکیب کی جائے۔ متعلقہ علاقے کے اہلِ محلّہ اور صاحبِ ثروت (مالدار) افراد سے ہی ترکیب بنا کر فوراً تعمیرات شروع کر دی جائیں۔ یاد رہے! کہ مدنی عطیات سے تعمیرات کی اجازت نہیں ہے۔ مجلسِ ائمہ مساجد کے ذریعے "اہل امام" فراہم کیا جائے، اس کا اجارہ، مجلسِ اجارہ کے ذریعے کروایا جائے اور مسجد کو بتدریج خود کفیل کیا جائے۔ امام کا اجارہ و نظام اسی مجلس کے تحت ہوا گرچہ وہ خود کفیل ہو چکی ہو۔

﴾11﴿ حاصل شدہ جگہیں (مسجد کے پلاٹس) / زیرِ تعمیر اور تعمیر شدہ مساجد کے بارے میں مکمل معلومات رکھیں، جگہ کا معائنہ (Site Survey) اور تعمیرات کی رفتار کا جائزہ لیتے رہنا ضروری ہے کہ کون سی مسجد کس کیفیت مثلاً زیرِ تعمیر، مکمل وغیرہ تا کہ بروقت کارکردگی اپنے نگران کو پیش کی جاسکے ❁ زیرِ تعمیر مساجد کی جگہ کا معائنہ (Site Survey) کرتے وقت اگر شخصیات کو بھی ساتھ لے لیں گے تو بہتر مدنی نتائج برآمد ہونے کی قوی اُمید ہے۔

﴾12﴿ مجلسِ خدّام المساجد کے تحت تعمیر ہونے والی / زیرِ تعمیر مساجد کی تصاویر مع تفصیل مجلس کے ڈویژن ذمہ دار کے پاس البم کی صورت میں موجود ہوں۔ تا کہ شخصیات کو یہ البم دِکھا کر تکمیل کی ترغیب دِلائی جاسکے نیز مجلسِ خدّام المساجد کے کابینہ ذمہ دار کے پاس کابینہ کی مساجد کی تصاویر مع تفصیل موجود ہوں۔ (جاندار کی تصاویر ہرگز نہ لی جائیں) ❁ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ سادگی اپناتے، پسند فرماتے اور اس کی ترغیب دِلاتے ہیں، دعوتِ اسلامی کے ہر ذمہ دار کو سادگی پسند اور سادگی اپنانے والا ہونا چاہئے، البم اور مجلس کے ہر کام میں سادگی، سادگی اور فقط سادگی ہونی چاہئے۔

﴾13﴿ حاصل شدہ پلاٹس (Plots) / مساجد کے تعمیری اخراجات کا آڈِٹ مجلسِ مالیات سے ہر ماہ کروایئے تا کہ کسی قسم کی تنظیمی

خامی یا ریکارڈ کی عدمِ دستیابی کی نشاندہی کو یقینی بنایا جاسکے نیز قانونی معاملات کی دُرستی کے لئے مجلس اثاثہ جات سے مربوط رہیں۔

{14} حدیثِ پاک میں ہے "تَهَادَوْا تَحَابُّوْا" یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔(مؤطا امام مالک، ج ۲، ص ۴۰۷، رقم ۱۷۳۱) پر عمل کی نیت سے ذمہ داران شیخِ طریقت، امیرِ اَہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اِسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار** قادِری رَضَوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ العالیہ اور مکتبۃ المدینہ کی دیگر مطبوعہ کتب و رسائل و VCDs وغیرہ کی ذاتی طور پر حسبِ استطاعت اور مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر مفت تقسیم کرنے کی ترکیب کرتے رہیں اور فروخت بھی کریں نیز خوشی وغمی (شادی، فوتگی، چہلم و عرس وغیرہ) اور تکلیف و آزمائش (بے روزگاری، بے اولادی، ناچاقی اور بیماری وغیرہ) کے مواقع پر تقسیمِ رسائل کی ترغیب دلانا مفید ہے۔

{15} کابینہ یا ملکی سطح پر اجتماعات میں متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت سے (اجتماع گاہ میں) مجلس خدام المساجد کے مکتب کی ترکیب کریں اور اس انداز سے پینافلیکس بینر لگائیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

## مکتب مجلس خدام المساجد

مساجد کی جگہ خریدنے/مساجد کے عطیات جمع کروانے/مساجد کے لیے جگہیں وقف کروانے کے لیے یہاں رابطہ فرمائیں۔

{16} **مَدَنی قافلہ، مَدَنی انعامات، مختلف کورسز کے ماہانہ اھداف**: مجلس کے ہر سطح کے ذمہ داران اپنے نگرانِ مشاورت کے مشورے سے مَدَنی قافلوں، مَدَنی انعامات، مدنی انعامات و مدنی قافلہ امامت کورس اور مدنی تربیتی کورسز کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش فرمائیں۔

{17} **ذمہ داران کے تقرری کی ترکیب**:

| # | سطح | ذمہ دار | # | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈویژن | ڈویژن ذمہ دار | 3 | ملک | نگرانِ مجلس خُدّامُ المساجِد |
| 2 | کابینہ | کابینہ سطح پر 5 رُکنی مجلس خُدّامُ المساجد | 4 | رُکنِ شوریٰ | خُدّامُ المساجِد |

❁ کابینہ سطح پر 5 رُکنی مجلس ہوگی اس مجلس کا نگران رکنِ کابینہ ہوگا ❁ کابینات ذمہ داران پاکستان سطح کی مجلس کے رکن ہیں، اسی مجلس میں سے ایک مدنی انعامات، ایک مدنی قافلہ ذمہ دار اور ایک کارکردگی ذمہ دار ہوں گے ❁ مختلف ممالک میں مُلکی سطح پر مجلس ہوگی، جو رکنِ شوریٰ کے تحت ہوگی۔ (بیرونِ ملک والے ذمہ داران، متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت کے بغیر ذمہ دار نہ بنائیں)

❁ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین و نگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

## ﴿18﴾ مَدَنی مشورہ کی تاریخ و مَدَنی پھول:

| # | تاریخ | مَدَنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مَدَنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | نگرانِ کابینہ / کابینہ ذمہ دار | کابینہ | 5 رُکنی مجلس | انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول و جدول کارکردگی، ذِمہ داران کے تقرر، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| 2 | 4 | نگرانِ کابینات / کابینات ذمہ دار | کابینات | کابینہ ذمہ داران (بہتر یہ ہے کہ ہر کابینہ کی 5 رُکنی مجلس شرکت کرے) | // |
| 3 | 6 | رُکنِ شوریٰ / نگرانِ مجلس | ملک | کابینات ذمہ داران | // |

**وضاحت:** **رُکنِ شوریٰ/نگرانِ مجلس**، پاکستان سطح کی مجلس کا **ہر ماہ مدنی مشورہ** فرمائیں، ایک ماہ **بذریعہ انٹرنیٹ** اور ایک ماہ **بالمشافہ**

### ❁ کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں: ڈویژن: 3 ❁ کابینہ: 5 ❁ کابینات: 6 ❁ ملک: 7

﴿19﴾ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے۔ ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا ❁ اسی طرح جس ماہ نگرانِ کابینہ / مشاورت شعبے کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نگرانِ کابینہ سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مشورہ کروانا مفید ہے)

﴿20﴾ پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار ہر مدنی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک

مکتب اور متعلقہ رکنِ شوریٰ کو میل کر دیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہو سکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کر دیں۔)

﴿21﴾ ہر ذمہ دار ہر ماہ کا پیشگی جدول مدنی ماہ کی 19 تاریخ تک اپنے نگران (نگرانِ مشاورت/نگرانِ مجلس) سے منظور کروائے، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگران (نگرانِ مشاورت/نگرانِ مجلس) کو پیش کرے۔

﴿22﴾ متعلقہ نگران کی مشاورت سے شعبہ ذمہ داران منگل کے روز تحریری کام کی ترکیب بنائیں۔

﴿23﴾ متعلقہ نگران سے مربوط رہیں۔ انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگران سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عزَّوَجَلَّ

﴿24﴾ متعلقہ رکنِ شوریٰ اور نگرانِ کابینہ کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنی مجلس کے تربیتی اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ پرانے اسلامی بھائیوں کی یاد دِہانی اور نئے اسلامی بھائیوں کی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

﴿25﴾ **یاد رہے** کہ متعلقہ رکنِ شوریٰ/ مجلس بیرونِ ملک ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔

## ﴿26﴾ ذمہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِ اہلسنّت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔

❁ مدنی حلیے ﴿ **داڑھی**، زُلفیں، سر پر سبز سبز **عمامہ شریف** (سبز رنگ گہرا یعنی ڈارک نہ ہو) **کلی والا سفید کُرتا** سنّت کے مطابق آدھی پنڈلی تک لمبا، آستینیں ایک بالشت چوڑی، سینے پر دل کی جانب والی جیب میں نُمایاں مسواک، پاجامہ یا شلوار ٹخنوں سے اُوپر (سر پر سفید چادر اور پردے میں پردہ کرنے کیلئے **مدنی انعامات** پر عمل کرتے ہوئے کتھئی چادر بھی ساتھ رہے تو مدینہ مدینہ) ﴾ کی پابندی کریں۔

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم 2 گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کے لئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم 2 اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیٔ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا

رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 1 ماہ (30 دن) اور ہر 30 دن میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، محبوب اور منظورِ نظر** بننے کی سعی جاری رکھیے، اِستقامت پانے کے لئے کم از کم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنالیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنائیے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنائیے۔

❁ اراکینِ مجلس، **مدنی انعام نمبر 47** پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم از کم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار Live مدنی مذاکرہ دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **ریکارڈڈ مدنی مذاکروں** اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

❁ دورانِ مدنی کام و ملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/ طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/ طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادِریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجَلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہ کبیرہ کر بیٹھے؟

## مرکزی مجلسِ شوریٰ ﴿دعوتِ اسلامی﴾

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ

**تاریخِ اجراء** (اپ ڈیٹ): ۲ رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ / 20 جون 2015ء

www.dawateislami.net